ایڈیٹر کے نام ایک خط

کراچی

یکم جولائی ۲۰۰۸ء

محترم ڈاکٹر صاحب!

معارف کا تازہ شمارہ (جنوری-جون ۲۰۰۸ء) کل سہ پہر کو ملا تھا۔ مَیں نے ایک ہی نشست میں اس کی بیشتر تحریرات پڑھ ڈالیں۔ اب اس نے فکر و دانش کی دُنیا میں ایک مقام بنا لیا ہے۔ اب اس کے سبھی مضمون فکر کو مہمیز دینے والے اور دانش کو وسیع کرنے والے ہوتے ہیں۔

اگر آپ ایسا کریں کہ جو مضامین انگریزی میں ہوتے ہیں، اگر بعد کے شماروں میں حسبِ توقع ان کا اُردو ترجمہ شایع کر دیا جایا کرے تو تکرار کے احساس کے بغیر ان سے استفادے کا دائرہ زیادہ وسیع ہو جائے گا۔

ایسے لوگ شاید زیادہ نہ ہوں جو اُردو انگریزی کے مضامین سے یکساں لطف اندوز ہو سکتے ہوں۔ ضرورت دونوں طبقوں کے ذوق کے تسکین کی ہے۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ قرشی صاحب کی خدمت میں سلام عرض ہے۔

خاکسار

ابوسلمان

بہ مطالعہ گرامی

محترم رشید احمد صاحب

مدیر المعارف

لاہور